میر اکتب خانہ حضرو، کی اردو ادبی کتب کی توضیحی فہرست

[مطبوعہ قبل اگست ۱۹۴۷ء]

تحقیقی منصوبہ برائے ایم فل لیڈنگ ٹو پی ایچ ڈی اردو

مقالہ نگار : نگران کار:

اسد قیوم ڈاکٹر ارشاد شاکر اعوان

معرفت طارق سٹیشنری مارٹ، شعبہ ٔلسانیات قرطبہ یونیورسٹی،

کچہری روڈ، ایبٹ آباد حیات آباد، پشاور

شعبۂ اردو

علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

۲۰۱۰ء

دیباچہ

علم کے میدان میں کتاب کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ کسی بھی موضوع سے متعلق مواد کے حصول کا اہم ذریعہ کتب خانے ہوتے ہیں۔ کتب خانوں سے استفادہ کرنے والوں کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ان میں ایک اہم مشکل فہرست کی عدم دستیابی ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں کتب خانوں کی فہرستیں مرتب کر کے شائع کی جاتی ہیں، لیکن ہمارے ہاں فہرست سازی کو زیادہ اہمیت نہیں دی جاتی، اس لیے یہ شعبہ محققین کی توجہ کا طالب ہے۔

راقم الحروف نے اپنے ایم فل تحقیقی منصوبے کے لیے ایک نجی کتب خانے کی فہرست سازی کا کام منتخب کیا۔ اس کتب خانے کا نام "میرا کتب خانہ" حضرو ہے۔ یہ ایک علم دوست شخصیت، راشد علی زئی، کی ملکیت ہے۔ میرا کتب خانہ حضرو، ایک ثروت مند لائبریری ہے، جہاں مختلف موضوعات پر چودہ ہزار کے لگ بھگ کتب و رسائل موجود ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ یہاں موجود مواد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کتب خانے سے استفادے میں ایک اہم مشکل مکمل اور جامع فہرست کا نہ ہونا ہے۔ خصوصاً یہاں موجود قدیم کتب کی فہرست سازی بہت اہمیت کی حامل ہے، کیوں کہ یہاں بہت سی نادر و نایاب کتب اور رسائل موجود ہیں۔ اسی لیے راقم نے یہاں موجود ان ادبی کتب کی توضیحی فہرست ترتیب دی ہے جو اگست ۱۹۴۷ء سے قبل کی طبع شدہ ہیں۔ ضرورت اس امر

کی ہے کہ اس لائبریری میں موجود تمام کتب ورسائل کی توضیحی فہرست مرتب کی جائے، تاکہ عام قارئین اور بالخصوص سکالرز اس کتب خانے سے بہ آسانی مستفید ہو سکیں۔

اس تحقیقی منصوبے کے دو حصے ہیں۔پہلا حصہ ابتدائیے پر مشتمل ہے، جس میں پہلے کتابیات کی مختصر تاریخ بیان کی گئی ہے۔اس کے بعد "صاحب کتب خانہ کا تعارف" کے عنوان سے کتب خانے کے منتظم ،راشد علی زئی، کی زندگی، علمی وادبی سرگرمیوں اور دیگر مشاغل پر مختصراً روشنی ڈالی گئی ہے۔ آخر میں کتب خانے کا عمومی تعارف کروایا گیا ہے، جس میں کتب خانے کے قیام، یہاں آنے والے مشاہیر ،بڑے موضوعات، نایاب کتب ورسائل اور کتب خانے سے متعلق دیگر بنیادی معلومات درج ہیں۔ دوسرا حصہ توضیحی فہرست پر مبنی ہے۔اس کے دو بڑے اجزاء ہیں: نثر اور نظم۔ نثر میں افسانے، افسانوں کے تراجم، افسانوی مضامین، خطبات، داستان، ڈرامہ، سفر نامہ، سوانح، مقالات، مکاتیب، ناول، ناول کے تراجم اور متفرق موضوعات پر کتب شامل ہیں۔ نظم میں دواوین، مثنویات اور متفرق کے عنوانات کے تحت کتب کی فہرست ترتیب دی گئی ہے۔ حصہ نثر میں ۴۱۶، جب کہ نظم میں ۶۶ کتب شامل ہیں۔ کل کتب کی تعداد ۴۸۲ ہے۔ فہرست حروف تہجی کی ترتیب سے پیش کی گئی ہے۔ آخر میں تصاویر پر مشتمل ضمیمہ ہے۔

فہرست میں پیش کی گئی معلومات کے اندراجات کی ترتیب حسب ذیل ہے:

نمبر شمار کتاب کا نام مصنف (مرتب، مئولف، مترجم) کا نام

صفحات کال نمبر

☆ تعارف

ہر کتاب کے متعلق مختصر ترین(یک سطری / دوسطری) تعارف پیش کیا گیا ہے، اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ کتاب میں کس نوعیت کا مواد موجود ہے یا اس کی کیا افادیت ہے۔ چند کتابوں کے اندراجات اس وجہ سے نامکمل رہے ہیں کہ ان میں مطلوبہ اندراجات موجود ہی نہ تھے۔

فہرست میں صرف وہ کتب شامل کی گئی ہیں جو اردو زبان میں ہیں یا کسی دوسری زبان سے اردو میں ترجمہ کی گئی ہیں۔ اسی طرح اس میں اگست ۱۹۴۷ء سے قبل کی مطبوعہ، ۴۸۲ ادبی کتب شامل ہیں، یہی اس منصوبے کی تحدید ہے۔

اظہار سپاس

اللہ تبارک و تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے جس نے مجھے ایم فل (اردو) کا یہ تحقیقی منصوبہ مکمل کرنے کی توفیق بخشی، اس کی عنایات کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے۔ سکالرز کے لیے موضوع کا انتخاب ایک مشکل مرحلہ ہوتا ہے، راقم الحروف اس لحاظ سے خوش قسمت ہے کہ چند اہل علم کی مدد سے اس نے یہ مرحلہ بہ آسانی طے کیا، اس کا ذکر چند سطور کے بعد ہو گا۔ جب علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے شعبۂ اردو کی طرف سے ۲۹ مارچ ۲۰۱۰ء کو میرے موضوعِ تحقیق "میر اکتب خانہ حضرو کی اردو ادبی کتب کی توضیحی فہرست مطبوعہ قبل اگست ۱۹۴۷ء" کی منظوری صادر ہوئی، تو یہ میرے لیے خوشی کا موقع تھا۔ موضوع منظور ہوتے ہی میں نے تحقیقی کام کا آغاز کر دیا، جو مختلف مراحل سے گزر کر، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم، والدین کی دعائوں اور اساتذہ کرام کی رہنمائی سے بالآخر تکمیل کو پہنچا۔

میرے موضوع کا تعلق چونکہ "میر اکتب خانہ، حضرو" سے تھا، اس لیے میں نے اس کتب خانے سے بھرپور استفادہ کیا۔ اس سلسلے میں کتب خانے کے منتظم، جناب راشد علی زئی، نے بھرپور معاونت کی، میں ان کا بے حد مشکور ہوں۔ موصوف کے تعاون کے بغیر میرے لیے تحقیقی کام کو بروقت مکمل کرنا ناممکن تھا۔ آغاز تا اختتام ہر مرحلے پر ان کی مدد میرے شامل حال رہی۔ اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم سے نوازے۔

موضوع کے انتخاب کے وقت صدر شعبۂ اردو، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد، ڈاکٹر عبد العزیز ساحرؔ صاحب اور ان کے رفیق کار ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد صاحب میرے لیے خضر راہ ثابت ہوئے۔ ان کی رہنمائی کی بدولت میں بر وقت موضوع کا انتخاب کر سکا، لہٰذا میں ان دونوں شخصیات کا ممنون احسان ہوں اور ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا گو ہوں۔

اس تحقیقی سفر میں میرے لیے یہ بھی خوش بختی رہی کہ مجھے ڈاکٹر ارشاد شاکر اعوان جیسی قد آور علمی شخصیت کی نگرانی میں کام کرنے کا اعزاز حاصل ہوا۔ انہوں نے شروع سے آخر تک بڑے مشفقانہ انداز میں میری راہنمائی فرمائی، میں ان کا بھی بہت مشکور ہوں۔

کتابیات کی تاریخ سے متعلق مواد کی فراہمی میں ڈاکٹر محمود فیضانی (ایبٹ آباد) نے بھی تعاون کیا، میں ان کا بھی شکر گزار ہوں۔

آخر میں ممتحنین اور قارئین سے التماس ہے کہ کمپوزنگ کی اغلاط سمیت میری فروگذاشتوں سے صرف نظر فرمائیں۔

اسد قیوم

ماہر مضمون

(گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول، بحالی، مانسہرہ)

معرفت طارق سٹیشنری مارٹ، کچہری روڈ، ایبٹ آباد

فہرست

موضوع صفحہ نمبر

۱۔ابتدائیہ

۲۔توضیحی فہرست

ابتدائیہ

کتابیات کی مختصر تاریخ

کتابیات:

کسی خاص مصنف یا موضوع کی کتابوں کی مرتب یا مدون فہرست کو کتابیات کہا جاتا ہے۔(۱) کتابیات
لائبریری کے لیے ایک راہنما کا کام کرتی ہیں، اور یہ قارئین کی ایک بنیادی ضرورت ہوتی ہے۔

کتابیات کی چار اقسام ہیں۔

۱۔ عام یا عالمگیر کتابیات

۲۔ قومی کتابیات

۳۔ انتخابی یا موضوعی کتابیات

۴۔ تجارتی کتابیات (۲)

۱۔ عام یا عالمگیر کتابیات:

یہ ایسی کتابوں کی فہرست ہوتی ہے جو کسی خاص زمانے، مقام، مضمون، علاقے یا مصنف سے ہی تعلق نہ رکھتی ہوں، بلکہ اس میں تمام موضوعات کی وہ کتابیں شامل ہوں جو ہر ملک اور ہر زمانے میں شائع ہوئی ہوں۔

۲۔ قومی کتابیات:

کسی قوم، ملک کی کلی اور مجموعی کتابیات، قومی کتابیات کہلاتی ہے۔ اس میں وہ کتابیں شامل ہوتی ہیں جو کسی خاص ملک میں شائع ہوئی ہوں یا کسی خاص قوم یا ملک سے متعلق لکھی گئی ہوں۔

۳۔ انتخابی یا موضوعی کتابیات:

یہ کسی مخصوص میدان، موضوع یا مخصوص مقاصد کو پورا کرنے والی کتابیات ہوتی ہے۔

۴۔ تجارتی کتابیات:

تجارتی مقاصد کے لیے مرتب کی گئی کتابیات، تجارتی کتابیات کہلاتی ہیں۔ ان کا بنیادی مقصد تجارتی کتب کو فروغ دینا ہوتا ہے۔ ان کے ذریعے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کون سی کتابیں بازار میں فروخت ہو رہی ہیں یا زیر اشاعت ہیں۔ نیز یہ کب، کس جگہ اور کس قیمت پر مل سکتی ہیں۔

کتابیات کی مختصر تاریخ:

اسلامی ممالک میں طباعت کے رواج سے پہلے اسلامی کتابیات میں سب سے نمایاں کارنامہ "الفہرست" ہے، جو عراق کے ایک کتب فروش ابن ندیم کی تصنیف تھی۔ یہ کتاب ۷۷۳ھ میں لکھی گئی۔ الفہرست اپنے زمانے کی اہم کتابوں کا تفصیلی جائزہ تھی۔ یہ

دس ابواب پر مشتمل ہے، جو قرآن، صرف و نحو، تاریخ، شعر، کلام، قانون، سائنس، قصص و حکایات، مِلَل و نحل اور الکیمیا سے متعلق ہیں۔ ہر باب کے آغاز میں موضوع زیر بحث سے متعلق گفتگو کی گئی ہے۔ اس کے بعد قابل حصول کتابوں کی فہرست اور مصنفین کی کتابیاتی تفصیلات درج کی گئی ہیں۔ (۳)

اردو دائرہ معارف اسلامیہ کے مطابق فہرست سازی کی باقاعدہ ابتداء اندلس میں اسلامی عہد سے ہوئی۔ اندلس میں اہل علم کسی نہ کسی شکل میں اپنے اساتذہ اور ان کی زیر نگرانی پڑھی جانے والی کتب کے نام شمار کرتے تھے، اسے -"فہرست" کا نام دیا جاتا تھا۔ (۴)

اس قسم کی کتابوں کی فہرست خاصی طویل ہے۔ ان میں سب سے معروف ابن حجر العسقلانی (م ۸۵۲ھ) کی " المعجم الفہرس" ہے، جو ابھی تک غیر مطبوعہ ہے (۵)۔ البتہ ایسی تین اہم کتابیں شائع ہو چکی ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

۱۔ ابن خیر الاشبیلی (۵۰۲ھ تا ۵۷۰ھ) کی "فہرست"

۲۔ ابن ابی الربیع (۵۹۹ھ تا ۶۸۸ھ) کی "برنامج"

۳۔ الرعینی الاشبیلی (۵۹۲ھ تا ۶۶۶ھ) کی "برنامج" (۶)

اسلامی کتابیات میں ایک اور اہم تالیف "کشف الظنون عن اسماء الکتب والفنون" ہے، جو عثمانی عالم، حاجی خلیفہ نے ترتیب دی۔ اس میں ان کتابوں کے ناموں کی ردیف وار فہرست درج ہے جو عربی، فارسی اور ترکی زبان میں مختلف علوم پر لکھی گئیں۔ اس کی پہلی جلد ۱۰۲۴ھ میں مکمل ہوئی۔ بعد میں اس کتاب کے متعدد ضمیمے بھی مرتب کیے گئے۔ (۷)

مغرب میں سولہویں صدی کے آخر میں کونارڈ گیسز (Conard Geses) نے دنیا کی اہم علمی کتابوں کی فہرست شائع کی۔ سترھویں صدی کے آخر میں تشریحی فہرستیں شائع ہونے لگیں۔ (۸)

امریکہ میں تجارتی کتابیات پر مبنی رسالہ –" پبلشرز ویکلی" ۱۸۷۲ء سے، جب کہ ۱۹۶۱ء سے ماہنامہ " امریکن بک پبلشنگ ریکارڈ" شائع ہو رہا ہے۔ (۹)

برطانیہ میں ہفت روزہ "بک سیلر" ۱۸۵۸ء سے، اور ۱۹۲۴ء سے سہ ماہی "وائٹکر کیومولیٹو بک لسٹ" (Whitaker's Commulative Book List) شائع ہو رہا ہے۔(۱۰)

لائبریری کیٹلاگ کے ضمن میں سب سے جامع اور معروف کام واشنگٹن سے شائع ہونے والا لائبریری آف کانگریس کا کیٹلاگ ہے۔ اس کی پہلی اشاعت ۳۱ جولائی ۱۹۴۲ء تک، ۱۶۷ جلدوں میں مکمل ہوئی، جو ۱۶۴۲ء سے ۱۹۴۲ء تک کے عرصے پر محیط ہے۔(۱۱) برطانوی عجائب گھر کی طرف سے ۱۸۸۴ء سے کیٹلاگ شائع ہو رہے ہیں۔(۱۲) اسی طرح شکاگو سے ۱۹۰۰ء سے پندرہ روزہ بک لسٹ شائع ہو رہی ہے۔(۱۳)

اردو میں کتابیات کا آغاز بیسویں صدی عیسوی میں ہوا۔ حیدرآباد دکن سے شائع ہونے والی سجاد بیگ مرزا کی "الفہرست" اس کی اولین کوشش تھی۔(۱۴) انجمن ترقی اردو پاکستان نے تین جلدوں میں "قاموس الکتب" شائع کی، جو کتابیات کی پہلی باضابطہ کوشش تھی۔(۱۵) نیشنل بک کونسل کی طرف سے موضوعاتی کتابیات شائع کی گئیں۔ ۱۹۷۰ء میں اس کونسل نے اردو کتابوں کی ڈائیریکٹری شائع کی۔(۱۶)

اردو کتابیات کا دوسرا باضابطہ سلسلہ مقتدرہ قومی زبان کی طرف سے شائع ہونے والی کتابیات کا ہے، جو مختلف موضوعات پر مرتب ہو رہی ہیں۔(۱۷) اسی طرح دیگر اداروں کی طرف سے بھی موضوعی کتابیات مرتب کی گئی ہیں۔ مثلاً اقبال اکیڈمی، لاہور اور بزم اقبال، لاہور نے اقبالیات کی کتابیات مرتب کروائی ہیں۔ نظامت کتب خانہ کی طرف سے ہر سال انگریزی میں قومی کتابیات شائع ہوتی ہیں۔(۱۸) چند کتب خانوں نے بھی اپنے کیٹلاگ شائع کیے ہیں۔ مثلاً پنجاب پبلک لائبریری، لاہور نے ۱۹۳۸ء تک مشرقی زبانوں میں شائع ہونے والی کتابوں کی فہرست شائع کی ہے۔(۱۹)

موجودہ عہد میں ہندوستان سے ایک ماہنامہ "اردو بک ریویو" شائع ہو رہا ہے، جس میں نئی شائع ہونے والی کتب پر تبصرے شائع ہوتے ہیں۔ اسی طرح انسٹیٹیوٹ آف پالیسی سٹڈیز، اسلام آباد کی طرف سے ڈاکٹر سفیر اختر کی زیر نگرانی "نقطۂ نظر" کے نام سے ایک ششماہی مجلہ شائع ہو رہا ہے۔ اس میں بھی نئی شائع شدہ کتب کا تنقیدی جائزہ لیا جاتا ہے۔ ان رسائل کے حوالے سے نئی کتابوں کی باقاعدہ کتابیات تیار ہو رہی ہے۔

کتابیات کی اہمیت:

چند صدیاں پہلے تک اہل علم کے لیے یہ ممکن تھا کہ وہ علمی دنیا میں ہونے والے کارناموں سے مکمل واقفیت رکھ سکیں۔ لیکن موجودہ زمانے میں علمی ترقی اور اشاعتی سیلاب کے باعث کسی محقق کے کیے یہ ممکن نہیں رہا کہ وہ لاکھوں، کروڑوں صفحات میں سے اپنے لیے کم سے کم مدت میں مطلوبہ مواد حاصل کر سکے۔ اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ۱۹۵۰ء میں کتابوں کی جو تعداد تھی ،وہ ۱۹۷۰ء میں چار گنا ہو گئی۔ اسی طرح ۱۹۰۰ء میں دنیا بھر سے دس ہزار رسالے شائع ہوتے تھے، جو ۱۹۹۸ء میں ایک لاکھ سے زائد ہو گئے۔ (۲۰)

کتابیات اشاعتی سیلاب کو قابو میں رکھنے کی کوشش ہے، اس طرح علم کی مختلف شاخیں، معلومات کے لحاظ سے، اس کے کنٹرول رہتی ہیں۔ اس کی بدولت روزافزوں معلومات کا احاطہ ہوتا رہتا ہے اور معلومات تک رسائی آسان رہتی ہے۔ اس طرح طلبائ، اساتذہ، محققین اور اہل علم کو مطلوبہ سمت میں راہنمائی اور ہدایت حاصل ہو سکتی ہے۔

صاحب کتب خانہ کا تعارف

میرا کتب خانہ حضرو ایک علم دوست شخصیت راشد علی زئی کی ملکیت ہے۔ ان کا اصل نام دوست محمد خان ہے، لیکن راشد علی زئی کے نام سے معروف ہیں۔ (۲۱) راشد کا تعلق ایک علمی و ادبی گھرانے سے ہے۔ آپ کے والد، خواجہ محمد خان اسد، مشہور شاعر و ادیب تھے۔ راشد ۱۳ اکتوبر ۱۹۶۲ء کو حضرو، ضلع اٹک میں پیدا ہوئے۔ (۲۲) حضرو پنجاب کے شمال مغربی سرے پر واقع ضلع اٹک کا ایک قصبہ ہے۔ اس کے شمال میں ضلع صوابی ہے۔ جنوب میں غازی سے لے کر اٹک تک جو آبادی ہے اس تمام علاقے کو "چھچھ"

کہا جاتا ہے۔ چھچھ کے مشرق میں کوہ کنگر اور دریائے ہرو کا پل ہے۔ جنوب مغرب کی جانب انتہائی آخری سرے پر دریائے سندھ اور اس پر تعمیر شدہ اٹک کا مشہور پل اور قلعہ واقع ہے۔ جنوب میں کامرہ شہر ہے۔ مشرق میں حسن ابدال کا مشہور تاریخی شہر ہے، جب کہ مغرب میں دریائے سندھ کے پار خیر آباد کا مشہور قصبہ ہے۔ (۲۳)

راشد نے ابتدائی تعلیم حضرو سے حاصل کی۔ چھٹی جماعت میں اپنے بڑے بھائی، صالح محمد خان، کے پاس لاہور چلے گئے، جہاں انہوں نے شیرانوالہ گیٹ ہائی سکول سے ۱۹۷۷ء میں مڈل کا امتحان پاس کیا۔ (۲۴) اس کے بعد حضرو واپس آ گئے اور ۱۹۷۹ء میں گورنمنٹ ہائی سکول حضرو سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ (۲۵) ۱۹۸۲ء میں گورنمنٹ کالج اٹک سے ایف ایس سی، اور ۱۹۸۶ء میں پنجاب یونیورسٹی سے بی۔ اے کیا۔ (۲۶)

راشد کے برادر اکبر، صالح محمد خان، ہفت روزہ "خدام الدین" لاہور کے معاون مدیر تھے۔ (۲۷) راشد نے چھوٹی عمر میں ہی خدام الدین کے بچوں کے صفحے کے لیے لکھنا شروع کیا۔ (۲۸) ان کے ابتدائی مطبوعہ مضامین میں، امام اعظم کی ذہانت، خلافت کی قابلیت کس میں تھی اور مدفون شہر شامل ہیں۔ (۲۹)

قیام لاہور کے دوران انہیں احسان دانش، احمد ندیم قاسمی، شورش کاشمیری، ڈاکٹر وحید قریشی اور دیگر اہل علم کی صحبت میسر آئی، جس سے ان کی صلاحیتوں میں نکھار آیا۔ (۳۰)

۱۹۸۰ء میں والد کے انتقال کے بعد کتب خانے کی تمام تر ذمہ داری ان کے کاندھوں پر آ پڑی (۳۱)، جسے وہ آج تک بخوبی نبھا رہے ہیں۔ راشد نے نہ صرف کتب خانے میں موجود کتب و رسائل کو محفوظ رکھا، بلکہ ان کی تعداد میں معتدبہ اضافہ بھی کیا۔

راشد اپنی ذات میں ایک انجمن ہیں۔ وہ بطور شاعر، ادیب اور صحافی شہرت رکھتے ہیں۔ ادب کے میدان میں انہوں نے نثر اور شاعری دونوں میں طبع آزمائی کی ہے۔

نثر میں انہیں تذکروں، خطوں اور سفر ناموں سے دلچسپی ہے۔ اپنے والد گرامی سے متعلق ان کی کتاب خواجہ محمد خان اسد: احوال و آثار (مطبوعہ اسد اکیڈمی حضرو، اٹک، دسمبر ۱۹۹۴ء) منظر عام پر آ چکی ہے، اسے علمی و ادبی حلقوں میں بہت سراہا گیا ہے۔ اسی

طرح ان کی تصنیف "توقیر علی زئی: حیات و خدمات" (مطبوعہ اسد اکیڈمی حضرو، اٹک، جولائی ۲۰۰۴ء) کو بھی تحسین کی نگاہوں سے دیکھا گیا ہے۔

راشد نے مشاہیر کے غیر مطبوعہ خطوط جمع کر رکھے ہیں۔ وہ ماہنامہ "صدف" حضرو، کا یادگار خطوط نمبر شائع کرنا چاہتے تھے، لیکن ایسا نہ ہو سکا۔(۳۲) (ماہنامہ "صدف" راشد نے ۱۹۹۵ء میں جاری کیا تھا، لیکن اس کے صرف تین شمارے شائع ہو سکے۔) اب وہ سہ ماہی "مکاتیب" جاری کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تاکہ یہ قیمتی خطوط محفوظ ہو جائیں۔(۳۳)

راشد نے "مکاتیب ہاشمی" کے نام سے مولانا عبدالقدوس ہاشمی کے خطوط مرتب کیے، یہ سہ ماہی العلم، کراچی (مدیر سید مصطفیٰ علی بریلوی جلد ۴۲، شمارہ ۴، اکتوبر تا دسمبر ۱۹۹۲ء، ص ۱۹ تا ۲۳) میں شائع ہو چکے ہیں، لیکن اب تک کتابی صورت میں شائع نہیں ہو سکے۔(۳۴)

راشد کے سفر ناموں میں ارض مقدس کا سفر نامہ "عقیدت ہی عقیدت" شائع ہو چکا ہے۔(مطبوعہ اسد اکیڈمی حضرو، اٹک، ۱۹۹۰ء) یہ ۱۹۸۹ء کے سفر عمرہ کی روداد ہے۔ دوسرا سفر نامہ "انقلابی کے دیس میں" ۱۹۸۹ء کے سفر لیبیا سے متعلق ہے۔ یہ ماہنامہ تخلیق، لاہور (جلد ۲۳، شمارہ ۱۰،۹، ستمبر، اکتوبر ۱۹۹۲ئ) میں شائع ہو چکا ہے۔

شاعری میں راشد کی پسندیدہ صنف غزل ہے۔ "ساغر وفا" کے نام سے انہوں نے ایک مجموعۂ غزلیات ترتیب دیا ہے جو ہنوز تشنۂ اشاعت ہے۔

اس کے علاوہ بھی راشد کی کئی تصانیف زیر طبع ہیں۔ ان میں چند اہم درج ذیل ہیں:

۱۔ سو (۱۰۰) سے زائد شخصیات کے تذکرے پر مشتمل "علمائ، ادباء اور شعراء چھچھ کی تصنیفی و تالیفی خدمات"

۲۔ آشنائیاں عجب (مشاہیر کے خطوط)

۳۔ خواہشوں کی برسات (افسانوں کا مجموعہ)

۴۔ نشتر (کالموں کا انتخاب)

۵۔ میرے خالی ہاتھ (مجموعہ کلام) (۳۵)

راشد ترتیب و تدوین کے میدان میں بھی کام کر رہے ہیں۔ ان کے مرتب شدہ درج ذیل مجموعہ ہائے کلام عنقریب شائع ہو جائیں گے۔

۱۔ خواجہ محمد خان اسد کا "حدیث دل"

۲۔ توقیر علی زئی کا "راستے میں شام"

۳۔ عبد الحئی خاکی کا "خواب نما"

۴۔ مرزا اقبال بیگ کا "دہلیز غم" (۳۶)

راشد نے ایم فل کے مختلف مقالہ جات میں مقالہ نگاروں کی معاونت بھی کی ہے۔ اس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱۔ مشاہیر کے خطوط بنام خواجہ محمد خان اسد (علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، ۲۰۰۳ء)

۲۔ ڈاکٹر سعد اللہ کلیم: احوال و آثار (علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، ۲۰۰۸ء)

۳۔ نذر صابری: احوال و آثار (علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، ۲۰۰۹ء)

۴۔ مکاتیب مشاہیر بنام حق نواز خان (علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، ۲۰۰۹ء) (۳۷)

راشد کی نثری و شعری تخلیقات مختلف رسائل و مجلات کی زینت بن چکی ہیں، جن میں سے چند اہم رسائل یہ ہیں:

۱۔ ماہنامہ قومی زبان (کراچی)

۲۔ سہ ماہی العلم (کراچی)

۳۔ ماہنامہ سخنور (کراچی)

۴۔ماہنامہ تخلیق(لاہور)

۵۔سہ ماہی فنون(لاہور)

۶۔ماہنامہ تجدید نو(اسلام آباد)

۷۔ماہنامہ رابطہ(اسلام آباد)

۸۔ماہنامہ الحق(اکوڑہ خٹک)

۹۔ماہنامہ معارف(اعظم گڑھ)

۱۰۔ماہنامہ خرام(کانپور)

۱۱۔ماہنامہ اٹک نامہ(اٹک) (۳۸)

راشد کی ایک اور وجہ شہرت صحافت ہے۔انہوں نے ۱۹۹۸ءمیں اپنے علاقے سے سب سے پہلا اخبار ہفت روزہ "حضرو" جاری کیا تھا۔اب مارچ ۲۰۰۹ءسے "فصیل" کے نام سے حضرو سے ایک ہفت روزہ جاری کیے ہوئے ہیں۔ماضی میں وہ درج ذیل اخبارات و رسائل سے منسلک رہ چکے ہیں:

۱۔ہفت روزہ رنگ صدف(حضرو)

۲۔ماہنامہ صدف(حضرو)

۳۔ماہنامہ کالا چٹا(اٹک)

۴۔ماہنامہ رابطہ(اسلام آباد)

۵۔ماہنامہ سماج(حضرو)

۶۔ماہنامہ چاک (حضرو)

۷۔ماہنامہ رنگت (راولپنڈی)

۸۔ماہنامہ ڈپلومیٹ (اسلام آباد)

وہ چھچھ پریس کلب (رجسٹرڈ) تحصیل حضرو کے فروری ۲۰۰۹ءسے بانی چیئر مین ہیں۔(۳۹)

راشد ایک اچھے کالم نگار بھی ہیں۔ وہ نشتر، رنگ صدف اور چھچھ رنگ کے عنوانات سے کالم لکھتے رہتے ہیں۔

ان کے کالم درج ذیل اخبارات میں شائع ہو چکے ہیں۔

۱۔روزنامہ جنگ (راولپنڈی)

۲۔روزنامہ نوائے وقت (راولپنڈی)

۳۔روزنامہ اذکار (راولپنڈی)

۳۔ہفت روزہ راولپنڈی ویوز (راولپنڈی)

۴۔ہفت روزہ تیسرا رخ (حضرو)

۵۔ہفت روزہ اٹک ٹائمز (حضرو)

۶۔ہفت روزہ رنگ صدف (حضرو) (۴۰)

راشد مختلف علمی و ادبی انجمنوں سے بھی منسلک ہیں۔ مثلاً

۱۔اسد اکیڈمی حضرو چیئر مین

۲۔کاروان ادب حضرو جنرل سیکرٹری

۳۔ پاکستان رائیٹرز گلڈ لاہور ممبر

۴۔ نوادرات علمیہ اٹک رکن

اس کے علاوہ ماضی میں بھی مختلف صحافتی و سماجی تنظیموں سے ان کا تعلق رہا ہے۔(۴۱)

راشد علی زئی کی زیر نگرانی میرا کتب خانہ، حضرو روز بروز ترقی کر رہا ہے۔ وہ اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے کتب خانے کے لیے بھی وقت نکال لیتے ہیں، اور یہاں آنے والوں کی ہر ممکن مدد کرتے ہیں۔ کتب خانہ کا تعارف تفصیل طلب ہے، اس لیے اس کا ذکر الگ سے کیا جاتا ہے۔

☆☆☆

میرا کتب خانہ حضرو

حضرو کے قدیم محلہ عظیم خان میں راشد علی زئی کے والد خواجہ محمد خان اسد نے یہ کتب خانہ ۱۹۳۲ء میں قائم کیا۔(۴۲) کتب خانہ کی پہلی کتاب "نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیبؐ" تھی، جو مولانا اشرف علی تھانوی صاحب نے تھانہ بھون سے خواجہ صاحب کو ارسال کی تھی۔(۴۳) (یہ کتاب آج کل نایاب ہے۔)۔ نامور مؤرخ مولانا غلام رسول مہر نے کتب خانے کا نام، "میرا کتب خانہ" تجویز کیا۔(۴۴) خواجہ صاحب نے یہ کتب خانہ اپنے استاد گرامی، سید سلیمان ندوی، کے حکم پر قائم کیا تھا(۴۵)، اور سید صاحب بنفس نفیس کتب خانہ دیکھنے حضرو تشریف لائے تھے۔(۴۶) مولانا غلام رسول مہر، مولانا ظفر علی خان، سید ابوالاعلیٰ مودودی، ڈاکٹر

محمد ایوب قادری، سید عبدالقدوس ہاشمی، ڈاکٹر غلام جیلانی برق، ڈاکٹر صغیر حسن معصومی اور دیگر اہل علم نے بھی کتب خانے کو زینت بخشی۔(۴۷)

خواجہ صاحب کو کتاب سے جنون کی حد تک لگاؤ تھا، انہوں نے اپنی ضروریات کو پس پشت ڈال کر کتابیں جمع کیں۔ خواجہ صاحب ۲۱ ستمبر ۱۹۸۱ء کو اس جہان فانی سے کوچ کر گئے،(۴۸) لیکن ان کی زندگی کا یادگار سرمایہ، میرا کتب خانہ، آج بھی مشاقان علم کی پیاس بجھا رہا ہے۔ ملک کے طول و عرض سے اہل علم یہاں آکر اس سے مستفید ہوتے ہیں۔

میرا کتب خانہ حضرو میں چودہ ہزار کے لگ بھگ کتب و رسائل موجود ہیں۔ ان میں سیرت، سوانح، تاریخ، حدیث، فقہ، ادب، سیاست، مکاتیب اور خطبات کے موضوعات پر کتابیں شامل ہیں۔(۴۹) ایک حصہ ڈراموں، افسانوں، ناولوں اور تراجم کے لیے وقف ہے۔ تقسیم سے قبل کے تقریباً تمام معروف مصنفین کی کتب یہاں موجود ہیں۔ یہاں نادر و نایاب کتب اور رسائل کی جلدوں کے علاوہ مخطوطات اور مشاہیر کے خطوط کا ذخیرہ بھی موجود ہے۔

نادر و نایاب کتب میں چند اہم یہ ہیں:

۱۔ "سوانح حضرت غریب نواز" مصنفہ حافظ اللہ چشتی، مطبوعہ افضل الاخبار، دہلی، ۱۳۱۵ھ

۲۔ "سیرت شافعی" از نجم الدین، مطبوعہ دخانی رفاہ عام پریس، لاہور، ۱۸۸۹ء

۳۔ "تاریخ اسلام" مصنفہ محمد احسان اللہ عباسی، مطبوعہ وقت پریس، گورداسپور، ۱۸۹۹ء

۴۔ تاریخ سندھ از مولانا عبدالحلیم شرر، مطبوعہ دلگداز پریس، لکھنؤ، ۱۹۰۷ء

۵۔ تاریخ یہود از مولانا عبدالحلیم شرر، مطبوعہ دلگداز پریس، لکھنؤ، ۱۹۲۵ء

۶۔ "حضرت بلالؓ" مصنفہ بہادر شاہ ظفر، مطبع و سن اشاعت ندارد

۷۔ "نسخہ پنج رقعہ" از ارادت خان واضح، مطبوعہ جعفری پریس، لکھنؤ، ۱۲۱۴ھ

۸۔ "فتوح الحرمین" از محی الدین لاری، مطبوعہ نولکشور پریس، لاہور، ۱۸۸۰ء

اورنگ زیب عالمگیر کے ہاتھ کا لکھا ہوا قرآن پاک کا ایک قلمی نسخہ بھی یہاں موجود ہے۔ اس کے علاوہ کلام مجید کے کئی نادر قلمی نسخے یہاں محفوظ ہیں۔

"کلیات ظفر احسن" کا ایک قلمی نسخہ بھی کتب خانے کی زینت ہے۔ کتب خانے کا ایک اہم مخطوطہ "بہادر شاہ نامہ" (فارسی) ہے، جس کے مصنف مرزا مبارک اللہ واضح اور کاتب کنہیالال ہے۔ اس نسخے کو مولانا غلام رسول مہر نے ایڈٹ کر کے "تاریخ ارادت خان" کے نام سے ۱۹۷۱ء میں پنجاب یونیورسٹی، لاہور سے شائع کروایا۔(۵۰) دیگر اہم مخطوطات درج ذیل ہیں:

۱۔ "نوشت خان زمان پہتی" (پہتی حضرو کے قریب ایک معروف بستی ہے) علی زئی خاندان کے ایک فرد کی خود نوشت ۲۔ "حکایت الابرار" مصنفہ ملا عبدالمجید ایک منظوم داستان

۳۔ بہار دانش (فارسی) از منشی عنایت علی کمبوہ داستان

۴۔ شرح بوستان سعدی از فضل دین محدث بوستان کی عام فہم شرح

۵۔ یوسف زلیخا حواشی از فضل دین محدث (۱۲۷۴ھ)

ان سب کے کاتب فضل دین محدث ہیں جو حضرو کے ایک قریبی گاؤں ملک مالہ سے تعلق رکھتے تھے۔

رسائل میں قبل از تقسیم کے کے کئی نایاب رسائل شامل ہیں۔ ان کی تفصیل یہ ہے:

۱۔ الہلال، جلد ۴، ۲۵ شمارے (۱۹۱۴ء)

۲۔ مخزن (لاہور)، جلد ۱۰، ۶ شمارے (۱۹۰۴ئ)

۳۔ الامداد (تھانہ بھون)، ۲ شمارے (۱۹۰۴ء)

۴۔ دین و دنیا (دہلی)، جلد ۴ متفرق رسائل (۱۹۲۴ء)

۵۔ دلگداز (لکھنؤ) ایک شمارہ (۱۹۲۲ئ)

۶۔ علی گڑھ میگزین ایک شمارہ (۱۹۳۷ء)

۷۔ شان اسلام (بمبئی) جلد ۳ نا مکمل فائل (۱۹۳۹ئ)

۸۔ عالمگیر (لاہور)، خصوصی نمبر ۱۹۲۹ء، ۱۹۳۳ء، ۱۹۴۴ء اور جلد ۱۸ کے متفرق رسائل (۱۹۳۳ء)

۹۔ ساقی (دہلی)، ۱۹۳۶ء، ۱۹۳۸ء، ۱۹۴۰ء کے خاص نمبر اور ۱۹۳۴ء کے متفرق رسائل

۱۰۔ ہمایوں (دہلی)، جلد ۷، ۲۱، ۲۵، ۳۳، ۳۹، ۴۷ کے متفرق رسائل

۱۱۔ مولوی (دہلی)، جلد ۶، ۹، ۱۲، ۱۵، ۲۲، ۳۱، ۳۹، ۴۱ کے متفرق رسائل

۱۲۔ صوفی (منڈی بہاؤالدین)، جلد ۱۱، ۳۳، ۳۴، ۴۷ تا ۵۲ کے متفرق شمارے

۱۳۔ نگار (نیاز فتحپوری) جلد ۹، ۱۵، ۱۹، ۲۲ کے متفرق شمارے اور ۱۹۳۰ء، ۱۹۳۲ء کے خاص شمارے

اس کے علاوہ معارف (اعظم گڑھ)، برہان (دہلی) اور ترجمان القران (لاہور) کی تقریباً مکمل جلدیں یہاں موجود ہیں۔

خواجہ محمد خان اسد کے لائق فرزند "راشد علی زئی" کتب خانے کا انتظام و انصرام عمدگی سے کر رہے ہیں اور اہل علم کی خدمت بخوبی انجام دے رہے ہیں۔ ان کی محنت سے کتب خانے میں سلیقہ اور حسن نظر آتا ہے۔ علمی و ادبی کتب کے ذخیروں میں حضرو کا یہ کتب خانہ اہمیت کا حامل ہے کیوں کہ یہاں نہ صرف نادر و نایاب کتب کا خزانہ موجود ہے بلکہ مختلف موضوعات پر قابل قدر مواد دستیاب ہے۔ عام قارئین کے لیے بالعموم اور ریسرچ سکالرز کے لیے بالخصوص اس کتب خانے کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔

یہاں کتب خانے سے استفادہ کے لیے آنے والے ہر شخص کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ کتب خانے کے منتظم، راشد علی زئی، خاص طور پر ریسرچ سکالرز کے لیے اپنی خدمات پیش کر کے بے حد خوش ہوتے ہیں۔ ایسے مخزن بیش بہا کا تعارف اور کتب و رسائل اور دیگر

خزائن سے مکمل شناسائی کتب خانے اور ریسرچ سکالرز دونوں کی ایسی خدمت ہے جس کا کوئی بدل نہیں۔ کتب خانے کی اہمیت کے بارے میں چند مشاہیر کی آراء سے اقتباسات پیش خدمت ہیں:

(۱) پروفیسر قاضی عارف

"ایک عام قاری کے لیے ہی نہیں، تحقیقی سکالروں کے لیے بھی یہ کتب خانہ نعمت عظمیٰ سے کم نہیں۔" (۵۱)

(۲) پروفیسر ڈاکٹر اشرف الحسینی

"پی ایچ ڈی اور ڈی لٹ کے لیے یہ کتب خانہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔" (۵۲)

(۳) پروفیسر ڈاکٹر صابر کلوروی

"لائبریری میں تاریخ، ادب اور اسلامیات پر نادر کتب موجود ہیں۔" (۵۳)

(۴) پروفیسر عبدالجبار شاکر

"پنجاب کے اس دور افتادہ مگر تاریخی قصبے میں یہ ذخیرہ اہلِ علم کے لیے آبِ حیات سے کم نہیں جس سے تشنگان علم آب زلال سے اپنی پیاس بجھاتے رہیں گے۔" (۵۴)

(۵) پروفیسر ڈاکٹر محمد صغیر حسن معصومی

"میں خان صاحب کے ذوق کتب بینی سے اس لیے متاثر ہوا ہوں کہ حضرو جیسی جگہ میں اپنے ذوق کو پروان چڑھایا اور اردو زبان کے بیش بہا جواہر جمع کر لیے۔ (۵۵)

(۶) ڈاکٹر محمد ایوب قادری

"کتب خانے کو دیکھ کر مسرت ہوئی کہ اس دور دراز علاقے میں انہوں نے

اتنا اعلیٰ کتب خانہ جمع کر رکھا ہے۔ نامور مصنفین و مئولفین کی کتابیں،

نادر و نایاب رسالے اور دوسرا قیمتی مواد ان کے کتب خانے میں موجود ہے۔

بہت سے خطی نسخے بھی ہیں۔" (۵۶)

(۷) ڈاکٹر معین الدین عقیل (ڈین شعبہ اردو، انٹر نیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد)

" میں نے دنیا بھر کے نامور اور اہم کتب خانے دیکھے ہیں جو اپنی نوعیت کے لحاظ سے مختلف ہیں اور ذاتی کتب خانے اور ذخائر بھی دیکھے ہیں۔ لیکن اس کتب خانے کو بہت مختلف اور منفرد پایا ہے______ یہ کتب خانہ قریب قریب ایک صدی کی کاوش و جستجو کا نتیجہ ہے۔ اس کتب خانے میں محفوظ نوادر اور کمیاب کتب اس کا بڑا امتیاز اور وصف ہے، اور میں نے متعدد کتابوں اور مخطوطات کو پہلی بار نہ صرف دیکھا بلکہ بعض تو میرے لیے ایسے بھی تھے جن سے میں واقف نہ تھا۔" (۵۷)

(۸) ڈاکٹر تحسین فراقی (صدر شعبہ اردو، پنجاب یونیورسٹی)

" نادر و نایاب کتابوں، رسالوں اور قلمی نسخوں کا یہ سرمایہ اپنے دامن میں حکمت، عرفان اور دانش کا غیر معمولی ذخیرہ سمیٹے ہوئے ہے۔ حضرو کے تاریخی اور مردم خیز قریے میں اگر یہ ذخیرہ نہ ہوتا تو جائے تعجب تھی۔ میں رات بھر اس نادر ذخیرے کے مشاہدے سے قلب و روح کو تسکین دیتا رہا۔

کیا ہی اچھا ہو اگر اس نایاب خزانے کی مشرح نہیں تو کم از کم ایک مختصر فہرست ہی شائع ہو جائے تاکہ اہل علم اس سے بطریق احسن استفادہ کر سکیں۔" (۵۸)

کتب خانے کا مکمل پتہ یہ ہے:

میرا کتب خانہ، محلہ محمد عظیم خان، حضرو، ضلع اٹک

ای میل: rashidalizai@yahoo.com

حوالہ جات

۱۔ الطاف شوکت، نظام کتب خانہ، شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز، لاہور، ۱۹۷۶ء، اشاعت اول، ص ۳۳۲

۲۔ ایضاً ص ۳۳۲، ۳۳۳

۳۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، جلد ۱۷، ڈاکٹر سید عبداللہ و دیگر، دانش گاہ پنجاب، لاہور، ۱۹۷۸ء، طبع اول، ص ۱۰۸

۴۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، جلد ۱۵، ڈاکٹر سید عبداللہ و دیگر، دانش گاہ پنجاب، لاہور، ۱۹۷۵ء، طبع اول، ص ۱۰۵۸

۵۔ ایضاً،

۶۔ ایضاً،

۷۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، جلد ۱۷، ڈاکٹر سید عبد اللہ و دیگر، ص ۱۰۸، ۱۰۹

۸۔ عطش درانی، کتابیاتی معاونات و خدمات، مشمولہ خدمات کتب خانہ، مئولف محمود الحسن، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، ۱۹۹۸ء، ص ۱۹۹

۹۔ ایضاً ص ۲۱۰

۱۰۔ ایضاً ص ۲۱۱

۱۱۔ ایضاً،

۱۲۔ ایضاً ص ۲۱۲

۱۳۔ ایضاً ص ۲۱۳

۱۴۔ ایضاً ص ۱۹۹

۱۵۔ ایضاً،

۱۶۔ ایضاً ص ۲۱۰

۱۷۔ ایضاً ص ۱۹۹

۱۸۔ ایضاً،

۱۹۔ ایضاً ص ۲۱۲

۲۰۔ ایضاً ص ۲۰۰

۲۱۔ راشد علی زئی سے راقم کی گفتگو، ۳۱ مارچ، ۲۰ اپریل، ۱۸ مئی ۲۰۱۰ء، حضرو، صبح ۹ بجے (غیر مطبوعہ)

۲۲۔ ایضاً،

۲۳۔ اسد، خواجہ محمد خان، چھچھ تاریخ کے آئینے میں، مشمولہ خواجہ محمد خان اسد: احوال و آثار، مرتبہ راشد علی زئی،

اسد اکیڈمی، حضرو (اٹک)، بار اول دسمبر ۱۹۹۴ء، ص ۲۶۱

۲۴۔ راشد علی زئی سے راقم کی گفتگو، محولہ بالا

۲۵۔ ایضاً،

۲۶۔ ایضاً،

۲۷۔ ایضاً،

۲۸۔ ایضاً،

۲۹۔ امام اعظم کی ذہانت قسط ۱: ہفت روزہ خدام الدین، لاہور، ص ۲۵، ۲۶، جلد ۲۴ شمارہ ۴۴، ۴ مئی ۱۹۷۹ء

امام اعظم کی ذہانت قسط ۲: ایضاً، ص ۳۰، جلد ۲۴ شمارہ ۴۵، ۱۱ مئی ۱۹۷۹ء

خلافت کی قابلیت کس میں تھی: ایضاً، ص ۲۷، جلد ۲۴ شمارہ ۴۸، یکم جون ۱۹۷۹ء

مدفون شہر: ایضاً، ص ۲۹، جلد ۲۴ شمارہ ۵۱، ۲۲ جون ۱۹۷۹ء

۳۰۔ راشد علی زئی سے راقم کی گفتگو، محولہ بالا

۳۱۔ ایضاً،

۳۲۔ ایضاً،

۳۳۔ ایضاً،

۳۴۔ ایضاً،

۳۵۔ ایضاً،

۳۶۔ ایضاً،

۳۷۔ ایضاً،

۳۸۔ ایضاً،

۳۹۔ ایضاً،

۴۰۔ ایضاً،

۴۱۔ راشد علی زئی سے راقم کی گفتگو، محولہ بالا

۴۲۔ ایضاً،

۴۳۔ صالح محمد خان، شمع شبستان حرا کا ایک پروانہ، مشمولہ خواجہ محمد خان اسد: احوال و آثار، مرتبہ راشد علی زئی، ص ۱۹

۴۴۔ ایضاً ص ۲۰

۴۵۔ ایضاً،

۴۶۔ توقیر علی زئی، صاحب میر اکتب خانہ، مشمولہ خواجہ محمد خان اسد: احوال و آثار، ص ۳۰

۴۷۔ صالح محمد خان، شمع شبستان حرا کا ایک پروانہ، مشمولہ خواجہ محمد خان اسد: احوال و آثار، ص ۲۱

۴۸۔ راشد علی زئی سے راقم کی گفتگو، محولہ بالا

۴۹۔ ایضاً،

۵۰۔ انوار صولت، ایک گمنام کتب خانہ، مشمولہ خواجہ محمد خان اسد: احوال و آثار، ص ۱۹۲

۵۱۔ احمد علی خان، زائرین کتب خانہ کی آرا، مشمولہ خواجہ محمد خان اسد: احوال و آثار، ص ۲۱۰

۵۲۔ محمد اشرف الحسینی، پروفیسر، ڈاکٹر، وہ رفیق راہ، مشمولہ خواجہ محمد خان اسد: احوال و آثار، ص ۵۳

۵۳۔ صابر کلوروی، پروفیسر، ڈاکٹر، اب انھیں ڈھونڈھ، مشمولہ خواجہ محمد خان اسد: احوال و آثار، ص ۱۱۴

۵۴۔ احمد علی خان، زائرین کتب خانہ کی آرا، مشمولہ خواجہ محمد خان اسد: احوال و آثار، ص ۲۱۱

۵۵۔ ایضاً ص ۲۰۷

۵۶۔ ایضاً ص ۲۰۸

۵۷۔ ڈاکٹر معین الدین عقیل، تاثرات از فہرست کتب خانہ (قلمی)

۵۸۔ ڈاکٹر تحسین فراقی، تاثرات از فہرست کتب خانہ (قلمی)

☆☆☆

توضیحی فہرست

حصہ نثر

افسانہ

۱۔ آخری تحفہ منشی پریم چند

صفحات: ۲۲۴ کال نمبر: ۱۴۴۹

میسرز نرائن دت، لاہور، ۱۹۳۸ء

☆۱۳ افسانوں کا مجموعہ ہے۔

۲۔ باسی پھول علی عباس حسینی

صفحات: ۲۳۲ کال نمبر: ۱۴۵۴

تعلیمی پریس، لاہور، ۱۹۴۵ء، طبع سوم

☆۱۴ افسانوں کا مجموعہ ہے۔

۳۔ بحر تبسم شوکت تھانوی

صفحات: ۲۵۶ کال نمبر: ۱۴۵۶

مختار پرنٹنگ ورکس، لکھنؤ، ۱۹۳۱ء

☆۱۹ مزاحیہ افسانوں کا مجموعہ ہے۔

۴۔ بڑے آدمیوں کا عشق مؤلف: خوشتر گرامی

صفحات: ۱۹۲ کال نمبر: ۱۴۶۴

پریم شاستر بکڈپو، لاہور، ۱۹۴۶ء

☆ عالمی شخصیات سے متعلق خوشتر گرامی اور دیگر مصنفین کے رومانوی افسانوں کا مجموعہ

۵۔ بگولے احمد ندیم قاسمی

صفحات: ۲۸۰ کال نمبر: ۱۴۹۱

استقلال پریس، لاہور، ۱۹۴۱ء، طبع دوم

☆۲۰ افسانوں کا مجموعہ

۶۔ تازیانے الطاف مشہدی

صفحات: ۲۴۰ کال نمبر: ۱۴۹۷

گیلانی الیکٹرک پریس، لاہور، ۱۹۴۰ء

☆ مشہور افسانہ نگاروں کے پندرہ افسانوں کا انتخاب

۷۔ تاریخی رومان مرتبہ: عبدالرحیم شبلی

صفحات: ۱۹۰ کال نمبر: ۱۴۶۱

عالمگیر پریس، لاہور، ۱۹۴۳ء، طبع اول

☆ ۱۵ رومانی افسانوں کا مجموعہ

۸۔ تین پیسے کی چھوکری قاضی عبدالغفار

صفحات: ۱۷۴ کال نمبر: ۱۴۵۱

مکتبہ اردو، لاہور، ۱۹۳۴ء

☆ ۱۳ افسانوں کا مجموعہ

۹۔ جمالستان نیاز فتح پوری

صفحات: ۴۹۶ کال نمبر: ۱۴۳۹

اردو پریس، حیدر آباد دکن، ۱۹۴۴ء

☆ ۲۲ افسانوں اور افسانوی مضامین کا مجموعہ

۱۰۔ جواہرات چوہدری افضل حق

صفحات: ۲۲۴ کال نمبر: ۱۴۳۳

قومی کتب خانہ، لاہور، ۱۹۴۳ء

☆ ۱۷ افسانوں کا مجموعہ

۱۱۔ جوہر عصمت علامہ راشد الخیری

صفحات: ۱۶۸ کال نمبر: ۱۴۰۷

عصمت بکڈپو، دہلی، ۱۹۴۲ء، طبع ہشتم

☆ ۱۳ افسانوں پر مشتمل مجموعہ

۱۲۔ جھلکیاں سید یوسف بخاری دہلوی

صفحات: ۲۳۹ کال نمبر: ۲۱۸۸

مکتبہ جہاں نما، دہلی، ۱۹۴۳ء، طبع اول

☆ ۱۴ افسانوں پر مشتمل مجموعہ

۱۳۔ چمپا مولانا عبد المجید خان سالک

صفحات: ۲۰۸ کال نمبر: ۱۴۲۹

دارالاشاعت پنجاب، لاہور، ۱۹۲۲ء، بار اول

☆ ۱۰ افسانوں کا مجموعہ

۱۴۔ چوپال احمد ندیم قاسمی

صفحات: ۳۰۴ کال نمبر: ۱۴۹۰

دارالاشاعت پنجاب، لاہور، ۱۹۳۹ء، بار اول

☆ ۱۸ افسانوں پر مشتمل مجموعہ

۱۵۔ حاجی لق لق کے افسانے حاجی لق لق

صفحات: ۱۴۴ کال نمبر: ۱۴۳۱

مکتبہ اردو، لاہور، ۱۹۴۳ء، طبع سوم

☆ ۲۳ افسانوں پر مشتمل مجموعہ

۱۶۔ حجاب زندگی سید عابد علی عابد

صفحات: ۱۵۸کال نمبر: ۲۱۹۶

اردو ہائوس،لاہور،۱۹۲۳ء

☆۷افسانوں پر مشتمل مجموعہ

۱۷۔ حسن کی عیاریاں نیاز فتحپوری

صفحات: ۴۹۶کال نمبر: ۱۴۴۰

نگار بک ایجنسی، لکھنؤ،۱۹۴۳ء، بار اول

☆۲۴افسانوں پر مشتمل مجموعہ

۱۸۔ حسن کی قیمت حکیم احمد شجاع

صفحات: ۲۴۰کال نمبر: ۱۴۳۲

مرکنٹائل پریس،لاہور،۱۹۴۳ء، طبع سوم

☆۱۵افسانوں پر مشتمل مجموعہ

۱۹۔ خدائی راج علامہ راشد الخیری

صفحات: ۱۲۸کال نمبر: ۱۴۰۹

عصمت بکڈپو، دہلی، ۱۹۴۴ء، طبع دوم

☆ ۷ افسانوں کا مجموعہ

۲۰۔ دریچے ظفر قریشی

صفحات: ۲۰۸ کال نمبر: ۱۵۰۱

مطبع: نامعلوم نومبر، ۱۹۴۳ء

☆ ۱۲ افسانوں کا مجموعہ

۲۱۔ دکھ سکھ ڈاکٹر اعظم کریوی

صفحات: ۱۹۶ کال نمبر: ۱۵۰۰

مطبع انوار احمدی، اُلہ آباد، ۱۹۴۳ء، بار اول

☆ ۱۲ افسانوں کا مجموعہ

۲۲۔ دنیا کے ۲۴ مشاہیر کے رومان عبدالرحیم شبلی

صفحات: ۲۴۴ کال نمبر: ۱۴۶۲

ادارہ ادبیات جدید، لاہور، نومبر ۱۹۴۳ء، طبع دوم

☆ عالمی شخصیات سے متعلق ۲۴ رومانی افسانے

۲۳۔ دنیائے آرزو میرزا ادیب

صفحات: ۲۴۰ کال نمبر: ۱۴۷۴

ملاپ الیکٹرک پریس، لاہور، ۱۹۴۱ء، بار اول

☆ ۱۲فسانوں کا مجموعہ

۲۴۔ دنیائے تبسم شوکت تھانوی

صفحات: ۲۰۶ کال نمبر: ۲۱۹۲

حالی پبلشنگ ہائوس، دہلی، ۱۹۴۳ء، طبع چہارم

☆ ۲۱ مزاحیہ افسانوں پر مشتمل مجموعہ

۲۵۔ دھڑکتے دل اختر شیرانی

صفحات: ۳۸۷ کال نمبر: ۱۴۳۰

علمی پرنٹنگ پریس، لاہور، ستمبر ۱۹۴۳ء

☆ ۱۲فسانوں کا مجموعہ

۲۶۔ ڈاچی اوپندر ناتھ اشک

صفحات: ۲۰۸ کال نمبر: ۱۵۰۲

فیروز پرنٹنگ پریس، لاہور، ۱۹۳۹ء

☆۱۳ سیاسی افسانوں کا مجموعہ

۲۷۔ راہ گذر عاشق حسین بٹالوی

صفحات: ۲۸۸ کال نمبر: ۱۴۷۰

لاہور بک شاپ، لاہور، ۱۹۴۱ء

☆ ۱۵ افسانوں کا مجموعہ

۲۸۔ رفیق تنہائی علی عباس حسینی

صفحات: ۲۸۸ کال نمبر: ۱۴۵۳

مکتبہ اردو، لاہور، ۱۹۴۲ء، طبع دوم

☆۱۳ افسانوں کا مجموعہ

۲۹۔ سمن پوش مجنوں گورکھپوری

صفحات: ۱۵۲ کال نمبر: ۱۴۴۳

کتب خانہ علم وادب، دہلی، ۱۹۴۷ء، طبع دوم

☆ روحانیات سے متعلق ۱۶فسانوں کا مجموعہ

۳۰۔ سوز ناتمام عاشق حسین بٹالوی

صفحات: ۳۹۲کال نمبر: ۱۴۶۹

ادبی دنیا، لاہور، ۱۹۳۸ء، طبع دوم

☆ ۲۰ افسانوں کا مجموعہ

۳۱۔ صحرا نورد کے خطوط میرزا ادیب

صفحات: ۳۴۴کال نمبر: ۱۴۷۲

مکتبہ اردو، لاہور، ۱۹۳۹ء

☆ ۸ افسانوں کا مجموعہ

۳۲۔ طلسم خیال کرشن چندر

صفحات: ۲۴۸کال نمبر: ۱۴۸۳

مکتبہ اردو، لاہور، ۱۹۳۷ء، بار اول

☆ ۱۲ افسانوں کا مجموعہ

۳۳۔ عجیب قاضی عبد الغفار

صفحات: ۱۶۰کال نمبر: ۱۴۵۲

دارالادب، لاہور، ۱۹۳۴ء

☆ ۶افسانوں کا مجموعہ

۳۴۔ کلیاں عصمت چغتائی

صفحات: ۳۰۴کال نمبر: ۱۴۸۱

ساقی بکڈپو، دہلی، ۱۹۴۳ء، طبع دوم

☆ ۱۶افسانوں کا مجموعہ

۳۵۔ گوہر مقصود علامہ راشد الخیری

صفحات: ۴۰کال نمبر: ۲۲۵۰

عصمت بکڈپو، دہلی، ۱۹۴۴ء

☆ اصلاحی مقاصد کی تحت لکھے گئے ۱۲افسانوں کا مجموعہ

۳۶۔ لاشوں کا شہر مسز عبد القادر

صفحات: ۱۹۲کال نمبر: ۱۴۷۶

اردو بکسٹال، لاہور، دسمبر ۱۹۴۴ء، طبع چہارم

☆۷ افسانوں کا مجموعہ

۳۷۔ لالہ رخ ل۔ احمد اکبر آبادی

صفحات: ۲۴۵کال نمبر: ۱۴۳۶

مختار پرنٹنگ پریس، لاہور، ۱۹۳۱ء

☆ طامس مور کی تصنیف "لالہ رخ" سے ماخوذ افسانوں کا مجموعہ

۳۸۔ مختارات نیاز نیاز فتحپوری

صفحات: ۳۱۸کال نمبر: ۱۴۴۲

ادارہ فروغ اردو، لاہور، اپریل ۱۹۴۷ء

☆۱۹ افسانوں کا مجموعہ

۳۹۔ منٹو کے افسانے سعادت حسن منٹو

صفحات: ۳۵۲کال نمبر: ۱۴۸۶

مکتبہ اردو، لاہور، ۱۹۴۴ء، طبع چہارم

☆ ۲۲ افسانوں کا مجموعہ

۴۰۔ منظر و پس منظر اختر اورینوی

صفحات: ۲۵۶ کال نمبر: ۱۴۹۴

مکتبہ اردو، لاہور، ۱۹۴۲ء

☆ ۱۹ افسانوں کا مجموعہ

۴۱۔ موج تبسم شوکت تھانوی

صفحات: ۲۸۶ کال نمبر: ۲۱۹۱

صدیق بکڈپو، لکھنؤ، ۱۹۳۳ء، طبع سوم

☆ ۱۵ مزاحیہ افسانوں کا مجموعہ

۴۲۔ موت کا تحفہ مرزا ادیب

صفحات: ۱۰۴ کال نمبر: ۱۴۹۹

مرکنٹائل پریس، لاہور، ۱۹۴۳ء

☆ ۷ افسانوں کا مجموعہ

۴۳۔ موت کا راگ مرزا ادیب

صفحات: ۴۱۵ کال نمبر: ۱۴۷۵

ملاپ الیکٹرک پریس، لاہور، ۱۹۴۱ء، بار اول

☆ ۱۱ افسانوں کا مجموعہ

۴۴۔ میرے بہترین افسانے منشی پریم چند

صفحات: ۱۹۶ کال نمبر: ۱۴۵۰

انار کلی کتاب گھر، لاہور، ۱۹۳۳ء

☆ مصنف کے پسندیدہ ۱۱ افسانوں مجموعہ

۴۵۔ میلہ گھومنی علی عباس حسینی

صفحات: ۲۸۰ کال نمبر: ۱۴۵۵

مکتبہ اردو، لاہور، ۱۹۴۵ء

☆ ۱۲ افسانوں کا مجموعہ

۴۶۔ نسوانی زندگی علامہ راشد الخیری

صفحات: ۵۶ کال نمبر: ۱۴۰۸

عصمت بکڈپو، دہلی، ۱۹۴۶ء، طبع چہارم

☆ ۴ افسانوں (مامتا، فرشتہ بیوی، اشک ندامت، بہن کی محبت) کا مجموعہ

۴۷۔ نظارے کرشن چندر

صفحات: ۲۲۴ کال نمبر: ۱۴۸۴

ادبی دنیا بک کلب، لاہور، ۱۹۴۵ء، طبع دوم

☆ ۱۳ افسانوں کا مجموعہ

۴۸۔ نقاب اٹھ جانے کے بعد نیاز فتحپوری

صفحات: ۶۴ کال نمبر: ۱۴۴۱

نگار بک ایجنسی، لکھنؤ، ۱۹۴۲ء، طبع دوم

☆ ۲ افسانوں کا مجموعہ

۴۹۔ نقش ناہید مجنوں گورکھپوری

صفحات: ۱۶۶ کال نمبر: ۱۴۴۴

ایوان اشاعت، گورکھپور، ۱۹۴۴ء

☆ ۶ افسانوں کا مجموعہ

۵۰۔ نگارستان نیاز فتحپوری

صفحات: ۳۴۰ کال نمبر: ۱۴۳۸

اردو پریس، حیدر آباد دکن، ۱۹۴۴ء

☆ ۲۶ افسانوں، مضامین کا مجموعہ

۵۱۔ نئی فضائیں مرتبہ قمر تسکین

صفحات: ۲۲۰ کال نمبر: ۱۴۹۶

ادارہ ادبیات، لاہور، ۱۹۴۴ء، بار اول

☆ مشہور افسانہ نگاروں کے ۱۶ افسانوں کا انتخاب

۵۲۔ نیلوفر حسن عزیز

صفحات: ۱۹۰ کال نمبر: ۱۴۳۴

اورینٹ لٹریچر کمپنی، لاہور، ۱۹۴۳ء، طبع دوم

☆ ۷ افسانوں کا مجموعہ

افسانے (تراجم) ز

۱۔ دنیا کے بہترین افسانے منصور احمد

صفحات: ۳۲۰ کال نمبر: ۱۴۰۵

اسلامک لٹریچر موومنٹ، لاہور، جنوری ۱۹۳۰ء

☆ مشہور غیر ملکی افسانہ نگاروں کے ۳۳ افسانوں کا ترجمہ

۲۔ گناہ غربت یزدانی جالندھری (ٹالسٹائی)

صفحات: ۱۶۰ کال نمبر: ۱۴۹۸

دین محمدی پریس، لاہور، ۱۹۴۳ء

☆ ٹالسٹائی کے دو افسانوں کا ترجمہ

۳۔ ہیبت ناک افسانے سید امتیاز علی تاج (موریس لیول)

صفحات: ۲۰۸ کال نمبر: ۱۴۰۴

دار الاشاعت پنجاب، لاہور، ۱۹۳۱ء

☆ موریس لیول کے ۱۳ افسانوں کے ترجمے پر مشتمل مجموعہ

افسانوی مضامین

۱۔ اپنا اپنا دیس عبد السبوح ہاشمی (خلیل جبران)

صفحات: ۱۹۲ کال نمبر: ۱۴۲۲

ادارہ فروغ اردو، لاہور، ۱۹۴۶ء

☆ خلیل جبران کے ۱۸ عربی مضامین کا ترجمہ

۲۔ اولاد کی شادی خواجہ حسن نظامی

صفحات: ۱۲۰ کال نمبر: ۱۴۱۲

جمال پریس، دہلی، ۱۹۲۱ء

☆ ایک اصلاحی مضمون اور ایک افسانے "اولاد کی شادی" پر مشتمل مجموعہ

۳۔ پطرس کے مضامین اے۔ ایس۔ بخاری

صفحات: ۷۶ کال نمبر: ۱۴۲۰

حالی پبلشنگ ہاؤس، کتاب گھر، دہلی، ۱۹۳۹ء، طبع سوم

☆ ۱۱ افسانوی مضامین کا مجموعہ

۴۔ حقائق و معارف مولانا ظفر علی خان

صفحات: ۲۰۰ کال نمبر: ۱۴۲۶

عالمگیر بکڈپو، لاہور، ۱۹۴۴ء، طبع اول

☆ ۵ مضامین کا مجموعہ

۵۔ حقیقت و افسانہ مولانا ظفر علی خان

صفحات: ۲۰۸ کال نمبر: ۱۴۲۵

منصور پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۴۰ء

☆ ۷ مضامین کا مجموعہ

۶۔ دلہن کی سیج حبیب اشعر دہلوی

صفحات: ۱۶۴ کال نمبر: ۱۴۲۴

حیدر پریس، دہلی، ۱۹۴۶ء

☆ خلیل جبران کے ۷ عربی مضامین کا ترجمہ

۷۔ غدر دہلی کے افسانے خواجہ حسن نظامی

صفحات: ۱۵۲ کال نمبر: ۱۴۱۱

جمال پریس، دہلی، ۱۹۲۲ء

☆ غدر کے حالات سے متعلق افسانوی مضامین کا مجموعہ

۸۔ مضامین رموزی ملا رموزی

صفحات: ۱۹۰ کال نمبر: ۱۴۱۹

علوی پریس، بھوپال، ۱۹۴۰ء، بار اول

☆ ۶ افسانوی مضامین کا مجموعہ

۹۔ نیرنگ خیال (حصہ اول و دوم) مولانا محمد حسین آزاد

صفحات: ۱۲۰/۹۶ کال نمبر: ۱۴۱۸

آزاد بکڈپو، دہلی، ۱۹۴۵ء

☆ مختلف موضوعات پر افسانوی مضامین کا مجموعہ، پہلے حصے میں ۹ جب کہ دوسرے حصے میں ۶ مضامین ہیں۔

خطبات

۱۔ خطبات شبلی علامہ شبلی نعمانی

صفحات: ۱۴۸ کال نمبر: ۵۴۹

معارف پریس، اعظم گڑھ، ۱۹۴۱ء

☆ مولانا شبلی کی علمی، مذہبی اور قومی موضوعات پر ۱۵ تقاریر کا مجموعہ

۲۔ خطبۂ صدارت مولانا شوکت علی مرتب نامعلوم

صفحات: ۲۲ کال نمبر: ۱۰۳۶ (ب)

جید برقی پریس، دہلی، ۱۹۳۱ء

☆ آل انڈیا مسلم کانفرنس کے خصوصی اجلاس منعقدہ ۵ اپریل ۱۹۳۱ء کے موقع پر مولانا شوکت علی کا خطبۂ صدارت

داستان

۱۔ الف لیلیٰ شہرزاد مولانا مرزا حیرت دہلوی

صفحات: ۳۰۴ کال نمبر: ۷۲۳

نولکشور، لکھنؤ، ۱۹۱۶ء

☆ داستان الف لیلیٰ کا ۴ جلدوں میں ترجمہ

۲۔ آرائش محفل سید حیدر بخش حیدری

صفحات: ۱۹۲ کال نمبر: ۷۲۹

دین محمدی پریس، لاہور، ۲۳ ستمبر ۱۹۲۴ء

☆حیدری کی مشہور تصنیف کا قدیم ایڈیشن

۳۔ باغ و بہار میر امن دہلوی

صفحات: ۱۳۸ کال نمبر: ۳۴۷

مطبع مفید عام، لاہور، ۱۹۱۸ء

☆میر امن کی مشہور داستان کا قدیم ایڈیشن

۴۔ بیر بل نامہ منشی مہاراج نرائن

صفحات: ۸۰ کال نمبر: ۳۷۷

مقبول عام پریس، لاہور، ۱۸ مارچ ۱۹۴۱ء، طبع چہارم

☆چار حصوں پر مشتمل لطائف و حکایات کا مجموعہ

۵۔ حکایات اسلامیہ مولانا ثناءاللہ امرتسری

صفحات: ۲۴ کال نمبر: ۱۴۰۲

سٹیم پریس، امرتسر، ۱۹۱٦ء

☆ سیرت النبی ﷺ کے واقعات کو حکایات کی شکل میں بیان کیا گیا ہے۔

۶۔ سگھڑ سہیلی علامہ سیماب اکبر آبادی

صفحات: ۴۸ کال نمبر: ۱۴۱۴

الیکٹرک مصطفائی پریس، مظفر نگر، ۱۹۲۱ء

☆ کمسن لڑکیوں کی تربیت کے لیے لکھی گئی کہانی

۷۔ عصمت آراء منشی عبدالرحمٰن شوق امرتسری

صفحات: ۳۲ کال نمبر: ۱۳۹۹

رفیق عام پریس، لاہور، ۱۹۲۳ء، بار دوم

☆ ایک سبق آموز کہانی

۸۔ فسانۂ آزاد (جلد دوم) رتن ناتھ سرشار لکھنوی

صفحات: ۴۴۴ کال نمبر: ۷۲۶

نولکشور، لکھنؤ، ۱۹۰۷ء، طبع سوم

☆ سرشار کی مشہور تصنیف کا قدیم ایڈیشن

۹۔ فسانۂ عجائب رجب علی بیگ سرور

صفحات: ۱۸۸کال نمبر: ۷۳۳

نولکشور پریس، لکھنؤ، ۱۹۳۲ء، طبع پینتیسویں

☆سرور کی مشہور داستان کا قدیم ایڈیشن

۱۰۔ کن کٹا قاضی سیفی سہاروی

صفحات: ۱۰۸کال نمبر: ۲۲۳۴

دار الاشاعت پنجاب، لاہور، ۱۹۳۵ء

☆ ۱۲اجزاء پر مشتمل کہانیاں

۱۱۔ گل بکائولی نہال چند لاہوری

صفحات: ۱۱۶کال نمبر: ۷۳۱

مطبع مفید عام، لاہور، ۱۹۱۲ء

☆نہال چند کی داستان کا قدیم ایڈیشن

۱۲۔ گلشن دانش منشی ولایت علی لکھنوی

صفحات: ۲۲۴ کال نمبر: ۲۳٦٦

علمی پرنٹنگ پریس، لاہور، ۱۹۳۲ء

☆ داستان کا قدیم ایڈیشن

ڈرامہ

۱۔ انارکلی سید امتیاز علی تاج

صفحات: ۲ ۱۹کال نمبر: ۱۵۴۹

دارالاشاعت پنجاب، لاہور، ۱۹۴۴ء، طبع پنجم

☆ انارکلی کی داستان پر مبنی ڈرامہ جو تین ابواب پر مشتمل ہے۔

۲۔ آئو سعادت حسن منٹو

صفحات: ۱۴۴کال نمبر: ۱۵۰۷

حمایت اسلام پریس، لاہور، ۱۹۴۰ء

☆ ۱۱ مختصر مزاحیہ ڈراموں کا مجموعہ

۳۔ باپ کا گناہ حکیم احمد شجاع

صفحات: ۱٦٨ کال نمبر: ۱۵۴۸

تاج کمپنی لمیٹڈ، لاہور، ۱۹۴۴ء، بار دوم

☆ تین ایکٹ کا ایک مجلسی ڈرامہ

۴۔ پاپی اوپندر ناتھ اشک

صفحات: ۱۹٦ کال نمبر: ۱۵۰۳

مکتبہ اردو، لاہور، ۱۹۴۱ء، بار اول

☆ ایک ایکٹ کے آٹھ ڈراموں کا مجموعہ

۵۔ جواب کرنل مجید ملک

صفحات: ۹٦ کال نمبر: ۲۱۸۵

اردو اکیڈمی، لاہور، اکتوبر ۱۹۴۵ء، بار اول

☆ سات مختصر ڈراموں کا مجموعہ

۶۔ رسیلا جوگی منشی محمد ابراہیم محشر

صفحات: ۱۳۶کال نمبر: ۱۵۵۳

جے ایس سنت سنگھ اینڈ سنز پبلشرز، لاہور، ۱۹۲۴ء

☆۱۳ابواب پر مشتمل ڈرامہ

۷۔ ریحانہ الطاف مشہدی

صفحات: ۱۲۰کال نمبر: ۱۵۲۹

نرائن دت سہگل اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۴۱ء، بار اول

☆ ۱۲ سین پر مشتمل ایک ڈرامہ

۸۔ گناہ گار باپ منشی محمد ابراہیم محشر

صفحات: ۱۳۶کال نمبر: ۱۵۵۴

جے ایس سنت سنگھ اینڈ سنز پبلشرز، لاہور، ۱۹۲۴ء

☆۱۳ابواب پر مشتمل ڈرامہ

۹۔ مرزا جنگی مرزا عظیم بیگ چغتائی

صفحات: ۴۸ کال نمبر: ۱۵۴۰

ساقی بکڈپو، دہلی، جولائی ۱۹۴۷ء

☆ واجد علی شاہ کے دربار سے متعلق تاریخی ڈرامہ

سفر نامہ

۱۔ سفر نامہ امام شافعی مولانا محمد عبدالحلیم شرر لکھنوی

صفحات: ۱۶ کال نمبر: ۳۴۴

دلگداز پریس لکھنؤ، ۱۹۲۴ء

☆ امام شافعی کے سفر طالب علمی کے واقعات خود ان کی زبانی

۲۔ سفر نامہ برہما سید ابو ظفر ندوی

صفحات: ۳۰۴ کال نمبر: ۳۴۵

محبوب المطابع، دہلی، ۱۹۲۱ء

☆ سفر برما کے حالات واقعات کی روداد

۳۔ سفر نامہ روم و شام علامہ شبلی نعمانی

صفحات: ۲۴۲ کال نمبر: ۳۱۹

معارف، اعظم گڑھ، ۱۳۵۹ھ

☆ ترکی، شام اور مصر کے واقعات سفر اور وہاں کے مسلمانوں کے حالات پر مبنی سفر نامہ

۴۔ سفر سعادت منشی امیر احمد علوی

صفحات: ۱۴۲ کال نمبر: ۳۱۸

دار الناظر پریس، لکھنؤ، ۱۳۵۱ء

☆ ۱۳۴۷ھ کے سفر حج کی روداد، جس میں حجاز کی معاشرت و سیاست پر بھی گفتگو کی گئی ہے۔

۵۔ سفر نامہ سید علی امیر البحر ترکی مولانا انشاء اللہ خان

صفحات: ۸۰ کال نمبر: ۳۷۵

حمیدیہ پریس، لاہور، ۱۹۰۶ء

☆ امیر البحر ترکی کے سفر ترکستان، افغانستان، وسط ایشیاء اور ایران (۱۵۵۳ء تا ۱۵۵۶ء) سے متعلق سفر نامے کے انگریزی ترجمے کا اردو ترجمہ

۶۔ سفر نامہ یورپ شاہ امان اللہ خان (حصہ اول) مولانا زاہد القادری

